# باب 3 تاریخ پاکستان (1971ء تا حال)

**سوال 1 : پاکستان کے پہلے سویلین چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کون تھے؟**

**جواب :** پاکستان کے پہلے سویلین چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر ذوالفقار علی بھٹو تھے۔

**سوال 2 : میر ظفر اللہ خان جمالی کب وزیر اعظم بنے اور ان کا تعلق کس صوبے سے تھا؟ میر ظفر اللہ خان جمالی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب** 2002 : کے عام انتخابات کے نتیجے میں میر ظفر اللہ خان جمالی وزیر اعظم بنے اور ان کا تعلق صوبہ بلوچستان سے تھا۔

**سوال 3 : کب اور کس نے دیامیر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی تعمیر کا حکم دیا؟ / سپریم کورٹ نے کن دو ڈیموں کی تعمیر کا حکم دیا؟**

**جواب** 4 : جولائی 2018 کو سپریم کورٹ نے دیامیر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی فوری تعمیر کا حکم دیا۔

**سوال 4 : گلگت بلتستان اسمبلی میں خواتین اور ٹیکنو کریٹس کے لیے نشستوں کی تعداد لکھیں۔**

**جواب :** گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کی 33 نشستیں ہیں۔ ان میں 24 نشستوں پر براہ راست انتخابات ہوتے ہیں جبکہ 6 نشستیں خواتین اور 3 نشستیں ٹیکنو کریٹس کے لیے ہیں۔

**سوال 5 : پاکستان کے اب تک کے طویل مدتی وزیر اعظم کون ہیں، وہ کب وزیر اعظم بنے اور ان کا کس سیاسی جماعت سے تعلق ہے؟**

**جواب :** سید یوسف رضا گیلانی اب تک کے طویل مدتی وزیر اعظم ہیں۔ وہ 2008 میں وزیر اعظم بنے اور 2012 تک رہے۔ ان کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے۔

**سوال 6 1973 : کے آئین کو وفاقی آئین کیوں کہا جاتا ہے؟**

**جواب** 1973 : کا آئین پاکستان کو ایک وفاقی ملک قرار دیتا ہے اس لیے اس کو وفاقی آئین کہتے ہیں۔

**سوال 7 : ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی ملکیت کتنی مقرر کی؟**

**جواب :** ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی ملکیت 150 ایکڑ نہری اور 300 ایکڑ بارانی مقرر کی۔

**سوال 8 : پاکستان نے ایٹمی دھماکے کب اور کہاں کیے؟**

**جواب :** پاکستان نے ایٹمی دھماکے 28 مئی 1998 کو بلوچستان کے چاغی پہاڑوں میں کیے۔

**سوال 9 : مقامی حکومت سے کیا مراد ہے؟**

**جواب :** ایسی حکومت جس کی باگ ڈور مقامی لوگوں کے ہاتھ میں ہو مقامی حکومت کہلاتی ہے۔

**سوال 10 : دولت مشترکہ کے کوئی سے تین ممالک کے نام لکھیں۔**

**جواب** (1) : پاکستان، (2) بھارت، (3) بنگلہ دیش۔

**سوال 11 : ذوالفقار علی بھٹو نے کب سے کب تک حکومت کی؟**

**جواب :** ذوالفقار علی بھٹو نے 20 دسمبر 1971 سے 5 جولائی 1977 تک حکومت کی۔

**سوال 12 : ذوالفقار علی بھٹو نے تعلیمی اصلاحات کا اعلان کب کیا؟**

**جواب :** ذوالفقار علی بھٹو نے تعلیمی اصلاحات کا اعلان 1972 میں کیا۔

**سوال 13 : ذوالفقار علی بھٹو کی چند تعلیمی اصلاحات لکھیں۔**

**جواب** (1) : طلباء کو سستی ٹرانسپورٹ کی فراہمی، (2) طلباء کے وظائف میں اضافہ، (3) نئی یونیورسٹیوں کا قیام، (4) تعلیم بالغاں کے مراکز کھولے گئے۔

**سوال 14 : ذوالفقار علی بھٹو کی تین صنعتی اصلاحات لکھیں۔**

**جواب** (1) : گروپ انشورنس اور سوشل سیکیورٹی کا نظام نافذ کیا، (2) صنعتوں کے منافع میں مزدوروں کا حصہ بڑھایا، (3) ملازمین کے لیے بونس کی ادائیگی لازم قرار دی۔

**سوال 15 : ذوالفقار علی بھٹو کی زرعی پالیسی کی تین اصلاحات لکھیں۔**

**جواب** (1) : زمین کی حد ملکیت مقرر کی، (2) زمین سے مزارعین کی بے دخلی کا سلسلہ بند کیا، (3) جاگیرداروں سے زمین لے کر بے زمین کاشتکاروں میں تقسیم کی۔

**سوال 16 : ذوالفقار علی بھٹو دور حکومت میں قومی تحویل میں لیے گئے کوئی سے چار اداروں کے نام لکھیں۔**

**جواب** (1) : صنعتی ادارے، (2) بینک، (3) بیمہ کمپنیاں، (4) تعلیمی ادارے۔

**سوال 17 : صحت کے متعلق ذوالفقار علی بھٹو کی اصلاحات لکھیں۔**

**جواب** (1) : بنیادی مراکز صحت کا قیام، (2) میڈیکل کالج کا قیام، (3) غریبوں کے لیے علاج کی مفت سہولت۔

**سوال 18 : ذوالفقار علی بھٹو کی معاشی حکمت عملی کی سمت کیا تھی؟ ان کی بنیاد کیا تھی؟**

**جواب :** ذوالفقار علی بھٹو کی معاشی حکمت عملی کی سمت سوشلزم تھی۔ ان کے واضح الفاظ تھے کہ اسلام ہمارا دین ہے اور سوشلزم ہماری معیشت ہے۔

**سوال 19 : ذوالفقار علی بھٹو کی دو معاشرتی اصلاحات لکھیں۔**

**جواب** (1) : بے گھر افراد کے لیے پانچ مرلہ سکیم کا آغاز کیا، (2) لاکھوں بے روزگار افراد کو مشرق وسطی کے ممالک بھیجا، (3) سینکڑوں دیہات کو بجلی کی فراہمی۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال20 : تحریک انصاف کی حکومت کے شروع کیے گئے چند منصوبوں کے نام لکھیں۔**

**جواب** (1) :نوجوان ہنر مند پروگرام، (2) پناہ گاہیں، (3) پلانٹ فار پاکستان، (4) نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام۔

**سوال نمبر21: پاکستان پیپلز پارٹی کا مقبول نعرہ کیا تھا؟**

جواب :پاکستان پیپلز پارٹی کا مقبول نعرہ روٹی، کپڑا اور مکان تھا۔

**سوال نمبر22: پاکستان نے کب اور کس کے دور حکومت میں دولت مشترکہ سے علیحدگی اختیار کی؟**

جواب :پاکستان نے 1972 میں ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں دولت مشترکہ سے علیحدگی اختیار کی۔

**سوال نمبر23 : پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ کا رکن کب اور کس کے دور حکومت میں بنا؟**

جواب 1989 :میں بے نظیر بھٹو کے دور حکومت میں پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ کا رکن بنا۔

**سوال نمبر24: پاکستان کی پہلی خاتون گورنر اسٹیٹ بینک کا نام کیا تھا؟**

جواب :پاکستان کی پہلی خاتون گورنر اسٹیٹ بینک کا نام ڈاکٹر شمشاد اختر تھا۔

**سوال نمبر25: نیشنل اینڈومنٹ فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام کب اور کس کے دور حکومت میں عمل میں آیا؟اور اس کے مقاصد کیا تھے؟**

جواب :نیشنل اینڈومنٹ فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام 2015 میں نواز شریف کے دور حکومت میں عمل میں آیا۔ اس ادارے کا مقصد سائنس دانوں اور محققین کی جدید تحقیق کو آگے بڑھانا اور جدید ٹیکنالوجی کے لیے وسائل فراہم کرنا تھا۔

**سوال نمبر26: اس وقت پاکستان میں کون سا نظام حکومت قائم ہے؟**

جواب :اس وقت پاکستان میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم ہے۔

**سوال نمبر27: کون سا آئین متفقہ طور پر نافذ کیا گیا؟**

جواب 1973 :کا آئین متفقہ طور پر نافذ کیا گیا۔

**سوال نمبر28 1993 کے انتخابات میں کس سیاسی جماعت نے کامیابی حاصل کی اور کون وزیر اعظم بنا؟**

جواب 1993 کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی نے کامیابی حاصل کی اور بے نظیر بھٹو دوسری مرتبہ وزیر اعظم بنیں۔

**سوال نمبر29: ورلڈ ٹریڈ سینٹر نائن الیون کا واقعہ کب اور کہاں پیش آیا؟**

جواب 11 :ستمبر 2001 کو امریکہ کے شہر نیویارک میں ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملہ ہوا۔

**سوال نمبر30 1973: کے آئین کے چند نکات تحریر کریں۔**

جواب (1) :صدر اور وزیر اعظم کے لیے مسلمان ہونا لازم قرار دیا گیا (2) صوبوں میں صوبائی اسمبلیاں قائم کی گئیں (3) بنیادی انسانی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا۔

**سوال نمبر31 1973: کے آئین کے مطابق ملک میں کون سا نظام حکومت رائج ہے؟**

جواب 1973 :کے آئین کے مطابق ملک میں پارلیمانی نظام حکومت رائج ہے۔ صدر مملکت ریاست کا سربراہ جبکہ وزیر اعظم حکومت کا سربراہ ہے۔

**سوال نمبر32: ضیاء الحق دور کی دو صنعتی اصلاحات لکھیں۔**

جواب (1) :صنعتوں کی مالکان کو واپسی (2) سرمایہ کاروں کا تحفظ (3) بڑی صنعتیں زیادہ تر پرائیویٹ شعبے میں لگائی گئیں۔

**سوال نمبر33: کب، کس نے اور کیوں بیت المال کا محکمہ قائم کیا؟**

جواب :غریب لوگوں کی مالی اعانت کے لیے میاں نواز شریف حکومت نے 1992 میں بیت المال کا محکمہ قائم کیا۔

**سوال نمبر34: نفاذ اسلام کے حوالے سے ضیا الحق دور میں کیے گئے چند اقدامات لکھیں۔**

جواب (1) :ملک میں شرعی عدالتوں کا قیام (2) نماز کا اہتمام (3) جرائم کے خاتمے کے لیے شرعی سزاؤں کا نفاذ (4) زکوۃ کے نظام کا سرکاری سطح پر نفاذ۔

**سوال نمبر35: جنرل ضیاء الحق کب اور کیسے جاں بحق ہوئے؟**

جواب :جنرل ضیاء الحق اپنے ساتھیوں سمیت بہاول پور سے واپسی پر ایک فضائی حادثے میں 17 اگست 1988 کو جاں بحق ہوئے۔

**سوال نمبر36: پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کب بنا؟**

جواب 28 :مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بن گیا۔

**سوال نمبر37: کب اور کس نے لاہور اسلام آباد موٹروے کا افتتاح کیا؟**

جواب 1998 :میں نواز شریف نے لاہور اسلام آباد موٹروے (M-2) کا افتتاح کیا۔

**سوال نمبر38 : نجکاری سے کیا مراد ہے؟**

**جواب** :نجکاری سے مراد یہ ہے کہ سرکاری اداروں کو فروخت کر کے پرائیویٹ شعبے کے حوالے کر دیا جائے۔

**سوال39 : بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کب اور کس کے دور میں شروع ہوا؟**

**جواب** :بینظیر انکم سپورٹ پروگرام 2008 میں بینظیر بھٹو کے نام سے شروع کیا گیا۔ اس کا مقصد غریب خاندانوں کی مالی امداد کرنا تھا۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال40 :1977 میں کس نے منتخب حکومت ختم کر کے مارشل لاء لگایا؟**

**جواب** 1977 :میں جنرل محمد ضیاء الحق نے منتخب حکومت ختم کر کے مارشل لاء نافذ کیا۔

**سوال41:جنرل پرویز مشرف کب اقتدار میں آئے؟**

**جواب :**جنرل پرویز مشرف 12 اکتوبر 1999 کو اقتدار میں آئے۔

**سوال42:جنرل پرویز مشرف نے کس کو برطرف کر کے اقتدار سنبھالا؟**

**جواب :**جنرل پرویز مشرف نے وزیر اعظم نواز شریف کو برطرف کر کے اقتدار سنبھالا۔

**سوال43:جنرل ضیاء الحق کس حادثے میں جاں بحق ہوئے؟**

**جواب :**جنرل ضیاء الحق 17 اگست 1988 کو ایک فضائی حادثے میں جاں بحق ہوئے۔

**سوال44:پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کب بنا؟**

**جواب** 28 :مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بنا۔

**سوال45:لاہور۔اسلام آباد موٹروے (M-2) کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟**

**جواب :**لاہور۔اسلام آباد موٹروے کا افتتاح 1998 میں وزیر اعظم نواز شریف نے کیا۔

**سوال46:نجکاری سے کیا مراد ہے؟**

**جواب :**سرکاری اداروں کو نجی شعبے کے حوالے کرنا نجکاری کہلاتا ہے۔

**سوال47:اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم کون تھیں اور انہوں نے کب حلف اٹھایا؟**

**جواب :**اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم بے نظیر بھٹو تھیں۔ انہوں نے 2 دسمبر 1988 کو حلف اٹھایا۔

**سوال48:بھارتی ایٹمی دھماکوں کا ردعمل کیا تھا؟**

**جواب :**بھارت نے 11 اور 13 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کیے، جواباً پاکستان نے 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کیے اور دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت بنا۔

**سوال49:بارانی اور نہری زمینوں کی پیداوار پر عشر کی شرح کیا ہے؟**

**جواب :**بارانی زمین پر عشر 10 فیصد جبکہ نہری زمین پر 5 فیصد ہے۔

**سوال50:بے نظیر بھٹو کے پہلے دورِ حکومت کی آئینی اصلاحات لکھیں۔**

**جواب :**بے نظیر بھٹو کے پہلے دور حکومت میں گیارھویں آئینی ترمیم پیش ہوئی، جو قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین کی نشستوں کے حوالے سے تھی۔

**سوال51:بینظیر بھٹو کے دوسرے دورِ حکومت میں کون سی اہم آئینی ترمیم ہوئی؟**

**جواب :**بے نظیر بھٹو کے دوسرے دورِ حکومت میں تیرھویں آئینی ترمیم ہوئی جس کے ذریعے صدر کے اختیارات محدود کر دیے گئے۔

**سوال52:جنرل پرویز مشرف نے اقتدار سنبھالنے کے بعد کون سا آئینی حکم جاری کیا؟**

**جواب :**جنرل پرویز مشرف نے اقتدار سنبھالنے کے بعد پروویژنل کانسٹی ٹیوشنل آرڈر (PCO) جاری کیا۔

**سوال53:جنرل پرویز مشرف نے نائن الیون کے بعد کس عالمی اتحاد کا ساتھ دیا؟**

**جواب :**جنرل پرویز مشرف نے نائن الیون کے بعد دہشت گردی کے خلاف عالمی اتحاد کا ساتھ دیا۔

**سوال54:نائن الیون کا واقعہ کب اور کہاں پیش آیا؟**

**جواب :**نائن الیون کا واقعہ 11 ستمبر 2001 کو امریکہ کے شہر نیویارک میں ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملے کی صورت میں پیش آیا۔

**سوال55:مشرف دور میں تعلیمی شعبے میں کیا اہم اقدامات کیے گئے؟**

**جواب** (1) :ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کا قیام عمل میں آیا۔

(2) جامعات میں ریسرچ کو فروغ دیا گیا۔

(3) ہزاروں طلباء کو بیرونِ ملک سکالرشپس دی گئیں۔

**سوال56:مشرف دور کی زرعی اصلاحات میں کیا شامل تھا؟**

**جواب** (1) :کسانوں کو زرعی قرضوں کی فراہمی۔

(2) ڈیموں اور نہروں کی تعمیر۔

(3) کھاد اور بیج کی فراہمی۔

**سوال57:پاکستان میں 2008 کے انتخابات کے نتیجے میں کون سی جماعت حکومت میں آئی؟**

**جواب** 2008 :کے انتخابات کے نتیجے میں پاکستان پیپلز پارٹی حکومت میں آئی۔

**سوال58:پاکستان میں پہلی مرتبہ مارشل لاء کب اور کس نے لگایا؟**

**جواب :**پاکستان میں پہلی مرتبہ 7 اکتوبر 1958 کو صدر اسکندر مرزا نے جنرل ایوب خان کی مدد سے مارشل لاء لگایا۔

**سوال59 :ایوب خان نے کس نعرے کے تحت اصلاحات متعارف کرائیں؟**

**جواب :**ایوب خان نے "ترقی کے لیے اصلاحات" اور "بنیادی جمہوریت" کے نعرے کے تحت اصلاحات متعارف کرائیں۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال60: ایوب خان کے دور میں کون سا آئین نافذ ہوا؟**

**جواب:** ایوب خان کے دور میں 1962 کا آئین نافذ ہوا۔

**سوال 61 1973: کے آئین کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟**

**جواب** (1): پاکستان کو وفاقی جمہوریہ قرار دیا گیا۔

(2) پارلیمانی طرز حکومت قائم کیا گیا۔

(3) بنیادی حقوق کو آئینی تحفظ دیا گیا۔

**سوال62: ایوب خان نے ملک میں کون سا سیاسی نظام نافذ کیا؟**

**جواب:** ایوب خان نے بنیادی جمہوریت کا نظام نافذ کیا۔

**سوال63: یوسف رضا گیلانی کس سال وزیر اعظم بنے؟**

**جواب:** یوسف رضا گیلانی 2008 میں وزیر اعظم بنے۔

**سوال64: پاکستان مسلم لیگ (ن) نے 2013 کے انتخابات میں کتنی نشستیں حاصل کیں؟**

**جواب:** پاکستان مسلم لیگ (ن) نے 2013 کے انتخابات میں قومی اسمبلی کی اکثریت حاصل کی۔

**سوال65: پاکستان تحریک انصاف کب پہلی مرتبہ وفاق میں حکومت میں آئی؟**

**جواب:** پاکستان تحریک انصاف 2018 کے انتخابات کے بعد پہلی مرتبہ وفاق میں حکومت میں آئی۔

**سوال66: عمران خان کب وزیر اعظم بنے؟**

**جواب:** عمران خان 18 اگست 2018 کو وزیر اعظم بنے۔

**سوال67: عمران خان حکومت کے اہم منصوبوں میں سے دو کے نام لکھیں۔**

**جواب** (1): نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام۔

(2) کامیاب جوان پروگرام۔

**سوال68: کامیاب جوان پروگرام کس مقصد کے لیے شروع کیا گیا؟**

**جواب:** کامیاب جوان پروگرام نوجوانوں کو روزگار اور کاروباری قرضے فراہم کرنے کے لیے شروع کیا گیا۔

**سوال69: پاکستان کی پہلی خاتون اسپیکر قومی اسمبلی کون تھیں؟**

**جواب:** پاکستان کی پہلی خاتون اسپیکر قومی اسمبلی ڈاکٹر فہمیدہ مرزا تھیں۔

**سوال70: پاکستان کا پہلا آئین کب نافذ ہوا؟**

**جواب:** پاکستان کا پہلا آئین 23 مارچ 1956 کو نافذ ہوا۔

**سوال 71 1956 کے آئین کے مطابق پاکستان کا پہلا صدر کون بنا؟**

**جواب** 1956 : کے آئین کے مطابق پاکستان کا پہلا صدر اسکندر مرزا بنا۔

**سوال72 1956 کے آئین کی ایک خصوصیت لکھیں۔**

**جواب** 1956 : کے آئین کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا۔

**سوال73 1962 کے آئین کے مطابق صدر کے اختیارات کیسے تھے؟**

**جواب** 1962 : کے آئین کے مطابق صدر کو وسیع اختیارات حاصل تھے اور وہ حکومت کا سربراہ تھا۔

**سوال74 1973 کے آئین کے مطابق اسلامی دفعات کی ایک مثال لکھیں۔**

**جواب** 1973 : کے آئین کے مطابق صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا۔

**سوال75: پاکستان کا موجودہ آئین کون سا ہے اور کب نافذ ہوا؟**

**جواب:** پاکستان کا موجودہ آئین 1973 کا آئین ہے جو 14 اگست 1973 کو نافذ ہوا۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ